کوئی ووٹ نہی
کوئی آواز نہیں

ووٹر کی رجسٹریشن اور ووٹر آئی ڈی

الیکشنز ایکٹ Elections Act (2022) نے ہمارے ووٹ دینے کے طریقے کو تبدیل کیا ہے۔ اگر آپ لندن کے شہری ہیں، تو آپ کو روبرو ووٹ ڈالنے کے لیے تصویری آئی ڈی کی ایک قابل قبول صورت دکھانی ہو گی۔

ووٹ کیسے دیں

:ووٹ دینے کے تین مختلف طریقے ہیں

روبرو: آپ کو آپ کے پتے پر ایک پول کارڈ بھیجا جائے گا، جس میں آپ کو بتایا جائے گا کہ آپ کا مقامی پولنگ اسٹیشن کہاں ہے۔ پولنگ اسٹیشن پر ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کو تصویری آئی ڈی کی ایک اصل قابل قبول صورت لانی ہو گی۔

بذریعہ ڈاک: اگر آپ روبرو ووٹ ڈالنے کے قابل نہیں ہیں تو آپ پوسٹل ووٹ کی درخواست کر سکتے ہیں۔ بذریعہ ڈاک ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کو تصویری آئی ڈی فراہم ،نہیں کرنی ہو گی۔ دیگر شناختی جانچ بھی موجود ہیں بشمول آپ کے دستخط اور تاریخ پیدائش کی تصدیق۔

بذریعہ پراکسی: اگر آپ روبرو ووٹ نہیں ڈال سکتے، مثلاً صحت کی وجوہات کی بناء پر، تو آپ اپنی ایماء پر کسی کو ووٹ ڈالنے کے لیے نامزد کر سکتے ہیں۔ ایسا کرنے کے لیے آپ کو ایک فارم مکمل کرنا ہو گا اور اپنے مقامی الیکٹورل رجسٹریشن دفتر بھیجنا ہو گا۔ آپ کی ایما پر ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کی پراکسی کو اپنی تصویری آئی ڈی لانی ہو گی۔

Greater London Authority, City Hall, Kamal Chunchie Way, London, E16 1ZE کے تحت تعاون یافتہ۔ Shout Out UK, 240 Portobello Road, London, W11 1LL کی جانب سے شائع اور ترویج کردہ۔

GREATER LONDON AUTHORITY

#NO VOTE NO VOICE

SOUK SHOUT OUT UK

GLA پر https://registertovote.london ڈیموکریسی ہب ملاحظہ کریں